# سندھ آرڈیننس نمبر X مجریہ ۱۹۸۲
# SINDH ORDINANCE NO.X OF 1982
# سندھ اریگیشن واٹر یوزرس ایسوسی ایشنز آرڈیننس، ۱۹۸۲
# THE SINDH IRRIGATION WATER USERS ASSOCIATIONS ORDINANCE, 1982
## (CONTENTS) فہرست


(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔ مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات
Short title, extend and commencement

۲۔ دوسرے قوانین پر سبقت رکھنے والا آرڈیننس
Ordinance to over-ride other laws

۳۔ تعریف
Definitions

۴۔ واٹر کورس تنظیمیں
Water course associations

۵۔ بورڈ
Board

۶۔ بورڈ کی میٹنگ
Meeting of Board

۷۔ واٹر کورس ایسوسی ایشن کے اختیارات
Powers of water course association

۸۔ واٹر کورس کو برقرار رکھنے کے لیئے طریقیکار اور ہدایات
Manner and guide lines for maintenance of water course

۹۔ ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشنز
Distributory associations

۱۰۔ کئنال ایسوسی ایشنز

Canal association

۱۱۔ ڈسٹری بیوٹری اور کینال ایسوسی ایشنز کی جنرل باڈی اور عملدار

General body and officers of distributory and canal associations

۱۲۔ ڈسٹری بیوٹری اور کینال ایسوسی ایشنز کی ذمیداریاں اور اختیارات

Duties and powers of distributor and canal associations

۱۳۔ جنرل باڈی کی میٹنگ

Meeting of the general body

۱۴۔ ایسوسی ایشنز باڈیز کارپوریٹ ہوں گی

Associations to be bodies corporate

۱۵۔ تکراروں کا حل

Settlement of disputes

۱۶۔ لینڈ روینیو کی بقایاجات کی بازیابی

Recovery of dues as arrears of land revenue

۱۷۔ ڈسٹری بیوٹری کی مرمت

Improvement of Distributory

۱۸۔ زمینیں حاصل کرنا

Acquisition of lands

۱۹۔ جانچ پڑتال

Inquiry

۲۰۔ قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

۲۱۔ بائی لاز کی منظوری

Approved of bye-laws

# سندھ آرڈیننس نمبر X مجریہ ۱۹۸۲
# SINDH ORDINANCE NO.X OF 1982
# سندھ اریگیشن واٹر یوزرس ایسوسی ایشنز آرڈیننس، ۱۹۸۲
# THE SINDH IRRIGATION WATER USERS ASSOCIATIONS ORDINANCE, 1982

[۱۰ جولائی ۱۹۸۲]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے اریگیشن واٹر یوزرس ایسوسی ایشن کی تشکیل اور کارکردگی کو ممکن بنایا جائے گا۔

جیسا کہ اریگیشن واٹر یوزرس ایسوسی ایشنس کی توسط سے زمین کی سطح اور زمین کے اندر پانی کو

آبپاشی پر ہونے والی زرعی زمین کے لیئے مزید بہتر بنا کر معقول بنانا ہے؛

اب اس لیئے، پانچویں جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان اور پرووِیزنل کانسٹی ٹیوشن آرڈر، ۱۹۸۱ کی روشنی میں گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات
Short title, extend and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ اریگیشن یوزرس ایسوسی ایشنس آرڈیننس، ۱۹۸۲ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

(۳)یہ کچھ ایسے علاقوں میں ایسے واٹر کورس یا واٹر کورسز پر نافذ ہوگا (جن کو اس کے بعد پروجیکٹ ایریا کہا جائے گا)، جیسے حکومت وقت بوقت نوٹیفکیشن میں واضح کرے۔

دوسرے قوانین پر سبقت رکھنے والا آرڈیننس
Ordinance to over-ride other laws

۲۔ اس آرڈیننس کی گنجائشوں اور اس کے تحت بنائے گئے قواعد فور طور پر نافذ کسی دوسرے قانون یا قوائد پر اثرانداز ہوں گے، بشرطیکہ وہ نافذ قانون یا قواعد کے برعکس نہ ہوں؛ بشرطیکہ وہ ایسے قانون کے مقصد کے لیئے ہو، جس کا تعلق آبپاشی سے ہو، انفرادی طور پر پانی استعمال کرنے والی ایسوسی ایشن میں شامل کیا جائے۔

تعریف
Definitions

۳۔ (۱) اس آرڈیننس میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) "ایسوسی ایشن" مطلب واٹر کورس ایسوسی ایشن، ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشن یا کینال ایسوسی ایشن؛

(b) "بورڈ" مطلب واٹر کورس ایسوسی ایشن کا بورڈ؛

(c) "بائی لاز" مطلب ایک ایسوسی ایشن کے بائی لاز؛

(d) "کینال ایسوسی ایشن" مطلب دفعہ ۱۰ کے تحت تشکیل دی گئی کینال ایسوسی ایشن؛

(e) "ڈائریکٹر" مطلب فارم واٹر مئنیجمنٹ پر مقرر ڈائریکٹر یا اس آرڈیننس کے تحت اس

طرح مقرر کردہ یا اس سلسلے میں بااختیار بنایا گیا کوئی عملدار؛

(f) "ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشن" مطلب دفعہ ۹ کے تحت تشکیل دی گئی ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشن؛

(g) "جنرل باڈی" مطلب ایک ایسوسی ایشن کی ٹوٹل میمبرشپ؛

(h) "حکومت" مطلب حکومت سندھ؛

(i) "بیان کردہ" مطلب قواعد اور بائی لاز کے تحت بیان رکردہ؛

(j) "قواعد" مطلب اس آرڈیننس کے تحت بنائے گئے قواعد؛

(k) "واٹر کورس ایسوسی ایشن" مطلب دفعہ ۴ کے تحت رجسٹرڈ پانی استعمال کرنے والوں کی ایک ایسوسی ایشن؛ اور

(l) "واٹر یوزر" مطلب وہ شخص جو اپنی یا قبضے میں آبادی لائق زمین کے لیئے واٹر کورس کے ذریعے آبپاشی کے پانی کی سہولت حاصل کرتا ہو، اور ایک سے زائد افرادکے زمین کے مالک ہونے یا قبضہ رکھنے کی صورت میں ان میں سے کوئی ایک بااختیار بنایا گیا ان کی طرف سے عمل کرتا ہو۔

(۲)اس آرڈیننس میں استعمال کردہ لیکن واضح نہ کیئے گئے الفاظ اور اظہاورں کی معنی ترتیبوار وہ لی جائے گی جو ان کو سندھ اریگیشن ایکٹ، ۱۸۷۹ میں دی گئی ہے۔

واٹر کورس تنظیمیں
Water course associations

۴۔ (۱) جہاں ایک واٹر کورس پر پانی استعمال کرنے والے ایک ایسوسی ایشن تشکیل دینے کے لیئے راضی ہوں، جو وہاں کے کاشتکاروں میں سے اکاون فیصد سے کم نہ ہوں، وہ ایسی درخواست ڈائریکٹر کو دیں گے۔

(۲)ڈائریکٹر ذیلی دفعہ (۱) کے تحت ایسی درخواست

بورڈ
Board

ملنے کے ساٹھ دن کے اندر واٹر کورس کے سب پانی استعمال کرنے والوں کی میٹنگ بلائے گا، اگر میٹنگ میں ان میں سے چھاسٹھ فیصد قرارداد کے ذریعے ایسوسی ایشن بنانے کے خواہشمند ہوں، سب پانی استعمال کرنے والے کاشتکار ایسوسی ایشن کے میمبر ہوں گے اور اس کے لیئے باقی رہتے پانی استعمال کرنے والوں کی رضامندی کی ضرورت نہیں ہوگی۔

(۳)ڈائریکٹر ذیلی دفعہ (۱) کے تحت واٹر کورس کے نام سے ایسوسی ایشن رجسٹر کرے گا، اس سلسلے میں بنائے گئے رجسٹر میں ان کی داخلا کرے گا، تفصیل لکھے گا جیسا کہ واٹر کورس، ایسوسی ایشن بنانے والے واٹر یوزرس کے مکمل تفصیل، سارے حمایت کرنے والے اور حمایت نہ کرنے والے واٹر یوزرس کے تفصیل، واٹر کورس پر ہر واٹر یوزر کی مالکی یا قبضے میں زرعی زمین کا علاقا اور ایسے دیگر تفصیل، جو وقت بوقت ڈائریکٹر کی طرف سے طلب کیئے جائیں گے۔

(۴)ایسوسی ایشن کے میمبرز کی فہرست پر بیان کردہ طریقے کے تحت ہر سال نظرثانی کی جائے گی اور اس کی کم و بیشیاں پوری کی جائیں گی۔

(۵)جہاں ایسوسی ایشن کا کوئی میمبر مستقل طور پر مالکی میں یا قبضے میں رکھی زرعی زمین منتقل کرتا ہے، منتقلی حاصل کرنے والے کی اس سلسلے میں ایسوسی ایشن کے ذریعے ڈائریکٹر کو درخواست اس کو منتقل کرنے والے کی جگہ پر نیا میمبر رجسٹر کیا جائے گا۔

(٦)اگر کسی شخص کو ایسوسی ایشن کا میمبر بنانے پر کوئی اعتراض ہے تو کلیکٹر کو اپیل کی جائے گی، جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

(۷)ڈائریکٹر اس سیکشن کے تحت رجسٹر کردہ ایسوسی ایشن کو رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ جاری کرے گا اور ایسا سرٹیفکیٹ ایسوسی ایشن کی جائز

موجودگی کا ثبوت ہوگا۔

| بورڈ کی میٹنگ<br>Meeting of Board | ۵۔ (۱) بورڈ کم سے کم پانچ میمبروں پر مشتمل ہوگا، جو ایسوسی ایشن کے میمبروں میں سے خفیہ رائے شماری کے ذریعے منتخب کیئے جائیں گے اور تین سرکاری میمبروں سے زائد نہ ہوں گے، جو حکومت کی طرف سے مقرر کیئے جائیں گے۔ |
|---|---|
| | (۲) بورڈ کے غیر سرکاری میمبر دو سالوں کے عرصےکے لیئے منتخب کیئے جائیں گے؛<br>بشرطیکہ آدھے یا ان کے برابر پہلے انتخابات کے دوران منتخب نان آفیشل میمبرز، جن کے نام لاٹ کے ذریعے جاری کیئے جائیں گے، وہ ایک سال کے لیئے آفیس رکھ سکیں گے، اور ان کے جتنے ہی میمبرز ان کی جگہ پر منتخب کیئے جایں گے؛ |
| واٹر کورس ایسوسی ایشن کے اختیارات<br>Powers of water course association | مزید یہ کہ کوئی بھی نان آفیشل میمبر بورڈ میں مسلسل دو مدت سے زائد خدمات سرانجام نہیں دے سکے گا۔<br>(۳)بورڈ سالانہ چیئرمین، سیکریٹری اور خزانچی نان آفیشل میمبرن میں سے منتخب کرے گا، بشرطیکہ وہی فرد سیکریٹری اور خزانچی کے طور پر منتخب کیا جا سکتا ہے۔<br>(۴)بورڈ کی طرف سے کسی معاملے کی منظوری دی جا سکتی ہے، اگر میمبروں کا دو تہائی حصہ اس کی حمایت میں ہو، سوائے بورڈ کے آفیشل میمبرز کو ووٹنگ کا حق حاصل نہیں ہوگا۔<br>(۵)بورڈ کی میٹنگ میں شامل ہونے کے لیئے ایسے ہر میمبر کو بیان کردہ طریقے کے تحف حلف اٹھانا پڑے گا۔<br>(٦)بورڈ مندرجہ ذیل چیزوں کا ذمیدار ہوگا:<br>(a)ایسی ذمیداریاں نبھائے گا، جو جنرل باڈی کی طرف سے سونپی جائیں؛<br>(b)ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو اتھارٹی کی حیثیت میں ذمیواریاں نبھائے گا؛<br>(c)ایسوسی ایشن کی طرف سے تعمیر واٹر کورس |

اور دیگر ترقیاتی کاموں کی تعمیر اور مرمت کی نظرداری کرنا؛
(d)واٹر کورس کے آپریشن، مرمت، بہتری اور ریہبلیٹیشن کے لیئے منصوبے بنانا؛
(e) واٹر کورس کو شگاف پڑنے کی صورت میں ان کی مرمت کے لیئے ہنگامی اختیارات کا استعمال؛
(f) ڈچ کھدائی کرنے والے اور تعمیراتی کام کرنے والے لوگ مقرر کرنا؛
(g) ایسوسی ایشن کی طرف سے معاہدے کرنا؛
(h) حکومتی اداروں اور ایسوسی ایشن میمبرز کے درمیاں اکیلے طور پر یا مجموعی طور پر رابطے کا ذریعا بننا؛
(i) ایسوسی ایشن کے مالی اور تنظیمی رکارڈ رکھنا اور سنبھالنا؛

واٹر کورس کو برقرار رکھنے کے لیئے طریقیکار اور ہدایات

Manner and guide lines for maintenance of water course

٦۔ (١) بورڈ کا چیئرمین بورڈ کی میٹنگ بلائے گا اور اس کے صدارت کرے گا؛
البتہ اس کی غیر حاضری کی صورت میں چیئرمین کی طرف سے نامزد کردہ بورڈ کا نان آفیشل میمبر میٹنگ کی صدارت کرے گا۔
(٢) اسوسی ایشن کا سیکریٹری بورڈ کی میٹنگس کی کارروایاں رقم کرے گا اور ایسوسی ایشن کا رکارڈ سنبھالنے کا ذمیدار ہوگا۔
(٣)دفعہ ١۴ کی ذیلی دفعہ (٢) کے تحت بورڈ کا خزانچی اثاثے جمع کرے گا اور ایسوسی ایشن کے اکاؤنٹس سنبھالے گا۔

ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشنز

Distributory associations

(۴) سارے معاہدے اور ایسوسی ایشن سے منسلکہ کام، اس کی طرف سے چیئرمین اور سیکریٹری دستخط کریں گے۔
(۵)ایسوسی ایشن کے اکاؤنٹ میں سے رقم کا اخراج چیئرمین اور خزانچی کی دستخط سے ہوگا۔
٧۔ قواعد کے تحت، واٹر کورس ایسوسی ایشن کے مندرجہ ذیل اختیارات ہوں گے:

کئنال ایسوسی ایشنز

(a) واٹر کورس کو چلانا، دیکھ بھال، بہتری لانا

| | | |
|---|---|---|
| Canal association | اور تیاری کرنا؛ | |
| | زمین کی سطح اور سب سوائل پانی کے ذرائع کو پانی پہچانے کے طریقوں کو بہتر بنانا؛ | (b) |
| | فارموں والے تالاب اور فیلڈ آؤٹ لیٹس کی ترقی اور مرمت کی منظوری دینا؛ | (c) |
| ڈسٹری بیوٹری اور کینال ایسوسی ایشنز کی جنرل باڈی اور عملدار<br>General body and officers of distributory and canal associations | ٹیوب ویلس اور لفٹس پمپس سنبھالنا، قبضے میں لینا، چلانا اور دیکھ بھال کرنا؛ | (d) |
| | آن فارم پانی کے استعمال اور دیکھ بھال کی بہتری کے طریقے اختیار کرنا اور زرعی پیداوار کے اضافے کے لیئے ان کا استعمال کرنا؛ | (e) |
| | پانی کی فراہمی کا شیڈول بنانا اور پانی کی فراہمی اور تقسیم کی نظرداری کرنا؛ | (f) |
| | اس بات کو یقینی بنانا کہ ہر میمبر پانی میں سے مناسب حصہ اور صحیح وقت پر حاصل کرتا ہے؛ | (g) |
| | زمینوں کے لیئے نالوں کے لیئے درست جگہ منتخب کرنا، بنانا، لگانا اور دیکھ بھال کرنا؛ | (h) |
| ڈسٹری بیوٹری اور کینال ایسوسی ایشنز کی ذمیداریاں اور اختیارات<br>Duties and powers of distributor and canal associations | واٹر کورسز کی کھاٹی، آپریشن اور مرمت کے دوران رکاوٹیں ہٹانا؛ | (i) |
| | عام یا ہنگامی بنیاد پر واٹر کورس کی مرمت یا متعلقہ مقاصد کے لیئے مزدور مقرر کرنا؛ | (j) |
| | عام اور خاص اقسام کے تجزئے کرنا، ان کا تعین کرنا اور ان کے مطابق وصولی کرنا؛ | (k) |
| | یہ یقینی بنانا کہ ایسوسی ایشن کے سارے میمبر بیان کردہ طریقے کے تحت مزدوری اور واٹر کورس کی بہتری، مرمت اور چلانے کے لیئے ایک جتنا حصہ لیتے ہیں؛ | (l) |
| | قرض اور گرانٹس حاصل کرنے کے لیئے | (m) |

معاہدوں میں حصہ لینا اور دوبارہ ادائگی کا شیڈول بنانا؛ اور

(n) ایسے پریگراموں میں شرکت کرنا کہ جیسے واٹور کورس کی بہتری، زمین کو سیدھا کرنے اور زرعی اقتصادیات کی روایات پر چلنے، اور تعمیرات اور دیگر بہتری کی کوششوں سے متعلقہ اوزاروں کے کارگر استعمال سے باخبر ہوا جا سکے۔

جنرل باڈی کی میٹنگ
Meeting of the general body

۸۔ (۱) جہاں کوئی پروجیکٹ ایریا میں کسی واٹر کورس میں بہتری لائی گئی ہے، وہ ایسوسی ایشن کی ذمیداری ہوگی کہ وہ اس کو اس طرح قائم رکھے جیسے اس حوالے سے ڈائریکٹر کی طرف سے ہدایات دی گئیں ہیں۔

(۲)جہاں ڈائریکٹر مطمئن ہے کہ واٹر کورس کی دیکھ بھال اس طریقے سے نہیں کی گئی جیسے ذیلی دفعہ (۱) میں بیان کیا گیا ہے تو، وہ اس واٹر کورس کی مندرجہ بالا طریقے کے تحت مرمت اور دیکھ بھال کا حکم دے سکتا ہے اور اس پر آنے والے اخراجات ایسوسی ایشن سے لینڈ روینیو کی بقایاجات کے طور پر وصول کیئے جائیں گے۔

۹۔ (۱) جہاں ایک ڈسٹری بیوٹری کے پروجیکٹ ایریا پر واٹر کورس ایسوسی ایشن میں سے آدھی ایسوسی ایشنز ایک ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشن بنانا چاہیں تو، وہ ڈائریکٹر کو ایسی درخواست دے سکتی ہیں اور واٹر کورس ایسوسی ایشن کی رجسٹریشن سے متعلقہ گنجائشوں جیسے، ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشن کی رجسٹریشن پر شرائط اور ضوابط نافذ ہوں گے۔

(۲)ڈسٹری بیوٹری کے پریجیکٹ ایریا میں ذیلی دفعہ (۱) کے تحت بنائی گئی واٹر کورس ایسوسی ایشنز، ایسی ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشن کے بننے کی صورت میں اس کی میمبر ہو سکیں گی۔

۱۰۔ (۱) جہاں ایک کینال کے پروجیکٹ ایریا میں

آدھے سے زائد ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشنز ایک کینال ایسوسی ایشن بنانا چاہیں تو، وہ ڈائریکٹر کو درخواست کریں گی اور واٹر کورس ایسوسی ایشن کی رجسٹریشن سے متعلقہ گنجائشوں جیسے شرائط اور ضوابط کینال ایسوسی ایشن کی رجسٹریشن پر نافذ ہوں گے۔

(۲)کینال کے پروجیکٹ ایریا میں ذیلی دفعہ (۱) کے تحت بنائی گئی ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشنز، ایسی کینال ایسوسی ایشن کے بننے کی صورت میں اس کی میمبر ہو جائیں گی۔

ایسوسی ایشنز باڈیز کارپوریٹ ہوں گی
Associations to be bodies corporate

۱۱۔ (۱) واٹر کورس ایسوسی ایشنز کی بورڈس کے چیئرمین جو ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشن بنائیں گے، وہ ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی ہوں گے۔

(۲)ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشنز کے بورڈس کے چیئرمین جو کینال ایسوسی ایشن بنائیں گے، وہ کینال ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی ہوں گے۔

(۳)ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی، یا جیسے معاملہ ہو، کینال باڈی سالانہ اپنے میمبروں میں سے چیئرمین، سیکریٹری اور خزانچی منتخب کرے گی۔

(۴) کینال ایسوسی ایشن کی ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشن کا چیئرمین، یا جیسے معاملہ ہو، ایسوسی ایشن کا چیف ایگزیکٹو ہوگا، اور ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشن یا کینال ایسوسی ایشن کے عہدیدار ایسے اختیارات کا استعمال کریں گے اور ایسے کام کریں گے جیسے جنرل باڈی کی طرف سے ان کو دیئے جائیں گے۔

تکراروں کا حل
Settlement of disputes

۱۲۔ ایک ڈسٹری بیوٹری ایسوسی ایشن، یا جیسے معاملہ ہو، ایک کینال ایسوسی ایشن:

(a) ڈسٹری بیوٹری یا کینال سے متعلقہ معاملات میں، جیسے صورتحال ہو، میمبر اور کسی سرکاری محکمے کے درمیاں رابطہ کا

ذریعہ بنے گی؛

(b) ڈسٹری بیوٹری یا کینال سے متعلقہ معاملات اور مسائل میں، جیسے صورتحال ہو، اپنے میمبروں کے کسی سرکاری محکمے کے سامنے نمائندگی کرے گی؛

(c) ڈسٹری بیوٹریز یا کینالز، جیسے صورتحال ہو، ان کی بہتری، مرمت اور چلانے کے لیئے آبپاشی محکمے سے تعاون کرنا؛

(d) آبپاشی محکمے کو مائینر یا ڈسٹری بیوٹری میں، مطالبے پر، یا فکس فراہمی بنیادوں پر پانی کی فراہمی کے لیئے سفارشیں یا درخواستیں کرنا؛

(e) آبپاشی محکمے کو پلوں، ریگیولیٹرس، رکاوٹی تعمیرات، نئی مائینر چینلز کی تعمیر یا ایسے دیگر کاموں کے لیئے ایسوسی ایشن کے پیسوں یا ایسوسی ایشن اور حکومت کے مشترکہ پیسوں سے سفارشیں یا درخواستیں کرنا؛

(f) جنرل باڈی کی میٹنگس کی کارروائی، اکاؤنٹ بکس سنبھالنا، طے کرنا اور میمبر ایسوسی ایشنز سے اس آرڈیننس کے تحت واجب الادا بقایاجات جمع کرنا، اور ڈفالٹ کی صورت میں، سرٹیفکیٹ دے کر رقم کی بقایاجات میں کلیکٹر کے ذریعے لینڈ روینیو کے طور پر وصولی کرنا۔

لینڈ روینیو کی بقایاجات کی بازیابی
Recovery of dues as arrears of land revenue

ڈسٹری بیوٹری کی مرمت
Improvement of Distributory

زمینیں حاصل کرنا
Acquisition of lands

جانچ پڑتال
Inquiry

۱۳۔ (۱) دفعہ ۴ کی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت درخواست میں مذکورہ کنوینر، یا اگر کوئی بھی نہیں بتایا گیا، ڈائریکٹر کی طرف سے مقرر کردہ ایسوسی ایشن کا ایک میمبر یا کنوینر طور پر بااختیار بنایا گیا عملدار، رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ ملنے کے تیس دن کے اندر ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کی میٹنگ بلا سکتا ہے، اور جنرل باڈی بائی لاز بنا سکتی ہے، جن کی ضرورت ہو، ایسوسی ایشن کے بورڈ کے میمبر

قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

بائی لاز کی منظوری
Approved of bye-laws

منتخب کر سکتی ہے، بینک اکاؤنٹ کھول سکتی ہے اور یا دوسرا کوئی کام کر سکتی ہے۔

(۲)پہلی میٹنگ کے بعد، جنرل باڈی کم از کم سال میں ایک مرتبہ میٹنگ کرے گی:

بشرطیکہ جنرل باڈی کی خاص میٹنگ ایسوسی ایشن کے میمبروں کی، جو پانچویں حصہ سے کم نہ ہوں گے، ان کی درخواست پر جنرل باڈی کی میٹنگ کسی بھی وقت بلائی جا سکتی ہے۔

(۳)ایسے مسئلے کو جنرل باڈی کی طرف سے منظور کردہ سمجھا جائے گا، جس کی تائید میمبروں کے دو تہائی حصہ سے کم میمبروں نے نہ کی ہو۔

(۴)ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کو مندرجہ ذیل اختیارات ہوں گے:

(a) بورڈ کے میمبر منتخب کرنا؛
(b) ایسوسی ایشن کے میمبروں کے درمیاں معاملات حل کرنے کے لیئے جیوری مقرر کرنا؛
(c) بائی لاز بنانا؛
(d) بورڈ، جیوری یا ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کو اختیار منتقل کرنا؛
(e) ایسوسی ایشن کی پالیسی بنانا یا منظور کرنا؛
(f) اثاثوں، بجٹ یا دوسری کسی مالی لین دین کی منظوری دینا؛
(g) اضافہ یا ترقی کے پروگرام کی منظوری دینا یا اس کے علاوہ سامان، پمپس، سیکس، کھاد، کیمیکلز یا ایسا دیگر سامان حاصل کرنا؛
(h) ایسی ذمیداریاں نبھانا اور ایسے کام کرنا جو اس آرڈیننس کے مقاصد حاصل کرنے کے ضروری ہوں۔

۱۴۔ (۱) ایسوسی ایشن ایک باڈی کارپوریٹ ہوگی، جس کو اپنی سیل ہوگی اور یہ اختیار ہوگا کہ منقولہ یا

غیر منقولہ جائیداد حاصل کر سکے، رکھ سکے، سنھال سکے اور دے سکے، اور اس پر اس حوالے سے کیس کیا جا سکتا ہے یا وہ کیس کر سکتی ہے۔
(۲)ایسوسی ایشن کا فنڈ مندرجہ ذیل پر مشتمل ہوگا:
(a) بیان کردہ قیمتوں کے تحت ایسوسی ایشن کے میمبروں سے جمع کردہ میمبرشپ فی؛
(b) ایسوسی ایشن کے ذرائع سے تخمینہ لگائی گئی قیمت مقرر کرنا، جو ایسوسی ایشن کے ذریعے سے پانی پہچانے کے حوالے سے ہوں گے؛
(c) اس آرڈیننس کے مقاصد پورے کرنے کے لیئے حاصل کردہ قرض؛
(d) اس آرڈیننس کی گنجائشوں، قواعد اور بائی لاز کی خلاف ورزی کرنے پر میمبرز پر عائد جرمانہ؛
(e) کوئی اور رقم جو ایسوسی ایشن کو اس آرڈیننس، قواعد اور بائی لاز کے تحت حاصل ہوئی ہو۔
۱۵۔ (۱) ایسوسی ایشن کے میمبرز کے درمیاں اس آرڈیننس کے تحت پیدا ہوا تکرار جنرل باڈی کی طرف حل کرنے کے لیئے بھیجا جائے گا اور جنرل باڈی اس کو خود حل کر سکتی ہے یا جنرل باڈی تکرار کے حل کے لیئے ایک جیوری مقرر کر سکتی ہے، جو تین میمبرز سے زائد پر مشتمل نہ ہوگی، یا واٹر کورس ایسوسی ایشن کی صورت میں، بورڈ کو حل کرنے کےلیئے کہہ سکتی ہے:
بشرطیکہ وقتی طور پر نافذ آبپاشی سے متعلقہ کسی تکرار کی صورت میں، بورڈ ایسا معاملہ حکومت کے آبپاشی محکمے کو بھیج سکتا ہے۔
(۲)جنرل باڈی، یا جیسے معاملہ ہو،جیوری یا بورڈ جوابدار میمبر کے اوپر جرمانہ لگا سکتی ہے، جو متاثر یا نقصان پہنچے میمبر کے نقصان سے زائد نہ ہوگا یا پانچ ہزار روپے جو بھی زیادہ ہو۔

(۳)جہاں جنرل باڈی کی طرف سے بائی لاز میں جرمانہ کا شیڈول فراہم کیا گیا ہو، کیئے گئے نقصان یا حاصل کردہ فاعدے پر، اس آرڈیننس، قواعد یا بائی لاز کی خلاف ورزی پر جرمانہ شیڈول کے تحت لگایا جائے گا۔
(۴)جہاں ایسوسی ایشن کے میمبرز کے درمیاں کوئی تکرار وقتی طور پر نافذ کیس آبپاشی قانون کے تحت ہو تو، ایسوسی ایشن ایسا تکرار حل کرنے کے لیئے حکومت کےآبپاشی محکمے کو بھیج سکتی ہے۔
۱٦۔جہاں اس آرڈیننس کے تحت کوئی جرمانہ، فی یا کوئی اور رقم واجب الادا ہے، وہ مقرر کردہ وقت پر وصول نہیں کی گئی یا ایسا کوئی وقت مقرر نہیں، بقایاجات کے چھہ ماہ کے اندر، ایسوسی ایشن اس سلسلے میں سرٹیفکیٹ جاری رک سکتی ہے اور کلیکٹر ایسا سرٹیفکیٹ ملنے پر مذکورہ بقایاجات لینڈ روینیو کی مد میں وصول کرے گا اور وہ ایسوسی ایشن کی طرف بھیجے گا۔
۱۷۔ کوئی ایسوسی ایشن جو ڈسٹری بیوٹری یا کینال میں بہتری لانا چاہتی ہو یا اس کی بہتری میں حصہ لینا چاہتی ہو تو وہ پہلے کینال آفیسر کو منظور حاصل کرنے کے لیئے اور اس بہتری والے کام کی نظرداری کی خدمات حاصل کرنے کے لیئے درخواست بھیج سکتی ہے۔
۱۸۔ ایسوسی ایشن واٹر کورس بنانے یا دوبارہ بنانے کے مقصد کے لیئے یا ٹیوب ویلز لگانے یا ایسے کسی مقصد کے لیئے لینڈ اکیوزیشن ایکٹ، ۱۸۹۴ کے تحت کوئی زمین حاصل کر سکتی ہے۔
۱۹۔ (۱)ڈائریکٹر، اپنی ذاتی تحریک پر، یا کلیکٹر کی گذارش پر یا ایک ایسوسی ایشن کے ایک تہائی میمبرز کی درخواست پر، اپنی سربراہی میں یا ڈائریکٹر کی طرف سے اس سلسلے میں بااختیار بنائے گئے کسی شخص کی سربراہی میں ایسوسی ایشن کے معاملات کے سلسلے میں جانچ پڑتال کا

حکم دے سکتا ہے، اور ایسی جانچ پڑتال کے بعد، ڈائریکٹر کوئی بھی حکم جاری کر سکتا ہے، جیسے وہ مناسب سمجھے۔

(۲)ذیلی دفعہ (۱) کے تحت کیئے گئے حکم سے متاثر کوئی شخص، حکم کے تیس دن کے اندر، حکومت کے سامنے اپیل داخل کر سکتا ہے، اور حکومت کی طرف سے اس اپیل پر جاری کردہ حکم حتمی ہوگا اور کسی کورٹ میں اس پر سوال نہیں اٹھایا جا سکے گا۔

(۳)ذیلی دفعہ (۱) کے تحت جانچ پڑتال کرنے والے عملدار کو سول کورٹ کے اختیارات حاصل ہوں گے:

(a) کسی شخص کو طلب کر سکے گا؛
(b) کوئی رکارڈ یا دستاویز طلب کر سکے گا؛
(c) کسی علاقے کی جانچ پڑتال کر سکے گا۔

۲۰۔ حکومت آرڈیننس کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

۲۱۔ (۱) ایک ایسوسی ایشنڈائریکٹر کی منظوری سے، بائی لاز بنا سکتی ہے، بشرطیکہ پہلے بائی لاز اس کی رجسٹریشن کے ساٹھ دن کے اندر بنائے جائیں گے۔

(۲)ڈائریکٹر ایسوسی ایشنز کی سہولت کے لیئے بائی لاز کا نمونہ بنا سکتا ہے۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**